9645-الاستجمار کیا ہے ؟

سوال

استجمار کیا ہے، اور کیا ہوائی جہاز میں پانی کے ہوتے ہوئے بھی ٹشو پیپر استعمال کے جاسکتے ہیں، اور طہارت کا کامل طریقہ کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

پیشاب یا پاخانہ کرکے قبل اور دبر کو پتھر یا اس کے قائم مقام کسی چیز سے صاف کرنے کو استجمار کہا جاتا ہے، لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ ڈھیلے اور پتھر تین سے کم نہ ہوں، اور ممنوعہ اشیاء یعنی لید اور ہڈی یا وہ حرمت والی چیز مثلا کھانا وغیرہ نہ ہو.

پانی ہو یا نہ ہو دونوں صورتوں میں ڈھیلے وغیرہ استعمال کرنا جائز ہیں، اہل علم کا کہنا ہے :

افضل یہ ہے کہ پانی اور ڈھیلوں کا استعمال دونوں چیزیں استعمال کرنا افضل ہے، کیونکہ اس میں صفائی زیادہ ہے.